# ماڈل پیپر "تاریخ اسلام"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 20

تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) مکہ کی شہری ریاست کس نے قائم کی؟

(الف) فہر بن مالک (ب) قصی بن کلاب (ج) امیہ بن حرب (د) عبدالمطلب

(ii) حضرت خدیجہؓ نے اپنے کس غلام کو حضورﷺ کے ساتھ شام کے سفر پر بھیجا تھا؟

(الف) زید بن حارث (ب) میسرہ (ج) زید بن ثابت (د) بلالؓ

(iii) غزوہ احزاب میں قریش مکہ اور یہودیوں کے درمیان پھوٹ کس نے ڈالی؟

(الف) عبداللہ بن مسعودؓ (ب) نعیم بن مسعودؓ (ج) سعد بن معاذؓ (د) معاذ بن جبلؓ

(iv) قرآن پاک پر اعراب کس نے لگوائے؟

(الف) حضرت عمر فاروقؓ (ب) حجاج بن یوسف (ج) مروان ثانی (د) امیر معاویہؓ

(v) حضرت عمرؓ نے باقاعدہ فوج کا شعبہ کب قائم کیا؟

(الف) 10 ہجری (ب) 12 ہجری (ج) 13 ہجری (د) 15 ہجری

(vi) رسول اللہﷺ کی والدہ محترمہ کی قبر کس مقام پر ہے؟

(الف) مکہ (ب) یمن (ج) ابواء (د) مدینہ

(vii) حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے درمیان کون سی جنگ لڑی گئی؟

(الف) جمل (ب) نہروان (ج) صفین (د) موتہ

(viii) سندھ کس اموی خلیفہ کے عہد میں فتح ہوا؟

(الف) معاویہؓ (ب) عبدالملک (ج) ولید (د) عمر بن عبدالعزیز

(ix) بنو امیہ کی حکومت کتنے سال قائم رہی؟

(الف) 100 سال (ب) 80 سال (ج) 90 سال (د) 180 سال

(x) فاتح مصر کون ہیں؟

(الف) عمرو بن العاصؓ (ب) امیر معاویہؓ (ج) ابو عبیدہ بن الجراحؓ (د) خالد بن ولیدؓ

(xi) کسریٰ کس ملک کے بادشاہ کو کہتے تھے؟

(الف) روم (ب) مصر (ج) حبشہ (د) ایران

(xii) جامع مسجد دمشق کس خلیفہ نے تعمیر کروائی؟

(الف) امیر معاویہؓ (ب) ولید بن عبدالملک (ج) عمر بن عبدالعزیزؒ (د) ہشام بن عبدالملک

(xiii) غزوہ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

(الف) 60 (ب) 70 (ج) 82 (د) 90

(xiv) حضرت عثمانؓ کی اہلیہ کا کیا نام تھا؟ جن کی انگلیاں بلوائیوں کے حملے میں کٹ گئی تھیں۔

(الف) زینبؓ (ب) ام کلثومؓ (ج) رقیہؓ (د) نائلہؓ

(xv) مدینہ کی ریاست کے پہلے دفاعی معاہدے کا کیا نام تھا؟ جس کی وجہ سے اس ریاست کا داخلی امن اور خارجی دفاع مضبوط ہو گیا۔

(الف) حلف الفضول (ب) صلح حدیبیہ (ج) میثاق مدینہ (د) معاہدہ خیبر

(xvi) عبداللہ بن سبا کہاں کا رہنے والا تھا؟

(الف) تبوک (ب) یمن (ج) طائف (د) نجد

(xvii) اسلامی بحری بیڑے کی بنیاد کس نے ڈالی؟

(الف) ولید بن عبدالملک (ب) حضرت عثمانؓ (ج) حضرت علیؓ (د) امیر معاویہؓ

(xviii) نہر امیر المومنین کی لمبائی کتنی تھی؟

(الف) 99 میل (ب) 101 میل (ج) 89 میل (د) 79 میل

(xix) خراسان میں آخری اموی گورنر کون تھا؟

(الف) ابومسلم خراسانی (ب) نصر بن سیار (ج) ابوعبیدہ (د) ضرار

(xx) سرکار دو عالم ﷺ نے سید الشہداء کا خطاب کسے عطا کیا؟

(الف) مصعبؓ بن عمیر (ب) حضرت حمزہؓ (ج) حضرت علیؓ (د) حضرت عمر فاروقؓ

# ماڈل پیپر "تاریخ اسلام"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### (حصہ انشائی)

وقت: 2-30 گھنٹے　　　　کل نمبر: 80

نوٹ۔ سوال نمبر 1، 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 25 (پچیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔ 25x2=50

## حصہ اول

**سوال نمبر 1- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) حضرت خدیجہؓ کے ساتھ حضور ﷺ کی شادی ہوئی تو آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی اور حضرت خدیجہؓ کی کتنی؟

(ii) حضور ﷺ حضرت ابراہیمؑ کے کس بیٹے کی اولاد سے تھے اور وہ حضرت ابراہیمؑ کی کس بیوی کے بیٹے تھے؟

(iii) کفار مکہ کن بتوں کو خدا کی بیٹیاں قرار دیتے تھے؟

(iv) عربوں میں پائی جانے والی کوئی سے چار خوبیاں بیان کیجئے۔

(v) سفر طائف میں آپ ﷺ کے ساتھ کون تھا اور آپ ﷺ نے کس کے باغ میں پناہ لی؟

(vi) قدیم زمانے میں عرب میں لگنے والے کوئی سے دو میلوں کا نام لکھیں جن میں حضور ﷺ اپنی دعوت پھیلانے کے لئے جاتے تھے۔

(vii) میثاق مدینہ کی اہمیت کے کوئی سے دو اہم نکات لکھئے۔

(viii) غزوہ بدر میں کفار کے جو سردار قتل ہوئے ان میں سے کسی چار کے نام لکھئے۔

(ix) غزوہ احد میں مسلمان تیراندازوں کا سردار کون تھا؟ اور کس نے پہاڑی کا چکر لگا کر پیچھے سے حملہ کیا؟

**سوال نمبر 2- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) عبداللہ بن ابی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ii) چار صحابہؓ کے نام لکھئے جو حضرت ابوبکر صدیقؓ کی تبلیغ سے مشرف بہ اسلام ہوئے۔

(iii) حضرت عمرؓ کے عہد میں بنائی جانے والی دو نہروں کے نام لکھئے اور جگہ تحریر کریں۔

(iv) آخری ایرانی بادشاہ کا کیا نام تھا اور وہ کس کے عہد میں قتل ہوا؟

(v) جنگ جمل کس کس کے درمیان لڑی گئی اور کیوں؟

(vi) حضرت علیؓ اور حضرت عمرؓ کو کس کس نے شہید کیا اور کیوں؟

(vii) یثرب میں آباد اسلام قبول کرنے والے پہلے دو قبائل کے نام لکھئے۔

(viii) عام الحزن کسے کہتے ہیں؟ اس میں کون کون سی شخصیات نے وفات پائی؟

(ix) حضرت عمرؓ کی بہن اور بہنوئی کا نام تحریر کیجئے جن کی استقامت سے حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کیا۔

**سوال نمبر 3- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) حضرت ابوبکر صدیقؓ کو خلیفہ کہاں منتخب کیا گیا؟ کبار صحابہؓ میں سے ان کے ساتھ اس وقت کون کون تھے؟

(ii) حجاج بن یوسف کا تعلق کس قبیلے اور کس شہر سے ساتھ تھا؟

(iii) مدینہ میں یہود کے کون کون سے قبائل آباد تھے؟

(iv) حضرت جعفر طیارؓ نے کس کے دربار میں اسلام کی نمائندگی کی تھی؟

(v) عہد فاروقی میں جو نئے شہر بسائے گئے ان میں سے دو کے نام لکھیے۔

(vi) صلح حدیبیہ کی کتابت کس نے کی اور قریش مکہ کی نمائندگی کس نے کی؟

(vii) نبی کریم ﷺ کی تاریخ وصال اور سن تحریر کیجئے۔

(viii) جنگ نہروان میں فریقین کے نام بتایئے۔

(ix) غزوہ موتہ میں حضور ﷺ نے کن تین صحابہؓ کو لشکر کا قائد بنایا؟

## سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) غزوہ بدر میں کفار کے لشکر کا سربراہ کون تھا اور غزوہ احد میں کون؟

(ii) کس یہودی سردار اور کس اموی سردار کی بیٹی حضور ﷺ کے نکاح میں آئیں؟ ان امہات المومنین کے نام لکھیے۔

(iii) مسلیمہ کذاب کا تعلق کس قبیلے سے تھا اور اسے کس نے قتل کیا؟

(iv) عمواس کے طاعون میں دو بلند پایہ صحابہؓ شہید ہو گئے تھے ان کے نام بتایئے۔

(v) حضرت عمرؓ اور حضرت ابو بکرؓ کا تعلق قریش کے کس قبیلے سے تھا؟

(vi) کعب بن اشرف کون تھا؟ اسے کس نے قتل کیا تھا؟

(vii) جنگ بدر میں حضرت عمرؓ نے اپنے ایک عزیز کو اپنے ہاتھ سے قتل کیا۔ اس کا نام اور حضرت عمرؓ کے ساتھ اس کا رشتہ بتایئے۔

(viii) فتح مکہ کے موقع پر حضور ﷺ نے اذان کا حکم کسے دیا؟

(ix) حضرت عمرؓ کی شہادت کے بعد ان کے ایک صاحبزادے نے ایک ایرانی کو قتل کر دیا۔ ایرانی اور صاحبزادے کا نام بتایئے؟

(x) حضرت علیؓ کا دارالحکومت کون سا شہر تھا اور امیر معاویہؓ کا دارالحکومت کون سا شہر؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 10x3 = 30

سوال نمبر 5۔ ہجرت مدینہ کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ 10

سوال نمبر 6۔ صلح حدیبیہ کے اہم نکات پر روشنی ڈالیں اور اس کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ 10

سوال نمبر 7۔ حضرت عمرؓ کے عہد میں غیر مسلموں کے سلوک پر تنقیدی نوٹ لکھیے۔ 10

سوال نمبر 8۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کی اصلاحات کا خاکہ پیش کیجئے۔ 10

سوال نمبر 9۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔ 10

(الف) فتنہ ارتداد (ب) جنگ قادسیہ (ج) سانحہ کربلا (د) فتح اندلس